۱۳۶۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں غرور اور تکبر کے ساتھ تیری نماز کیسے قبول ہو گی۔ تو اللہ کا بندہ بن اور چاروں خلفاء اور اہلِ سنت کے چاروں اماموں کی طرح نماز ادا کر۔

۱۳۷۔ ہمیشہ پانچوں وقت کی نماز باجماعت پڑھا کر اور نمازِ جمعہ کبھی بھی ناغہ نہ کیا کر۔

۱۳۸۔ رمضان شریف میں روزے رکھا کر۔ عالم اور حافظ بن اور قرآن مجید یا تو خود پڑھ یا دوسروں سے پڑھوا کر سن۔

۱۳۹. اینکه هیچ گو نید بر در افزون دو دوازده بند امام — بعد ازان پس کس نباید خواند زان گذار باش

۱۴۰. محض غلط این خیال شان شاهنشه جیلان مدام — هست پی در پی امام المسلمین بیدار باش

۱۴۱. گر امام نیست پس در هر یا ره جنازه — چون نخوانی پس امام ای فوز خیر فی النار باش

۱۴۲. دین محمد مصطفی قائم در دوام است تا ابد — بر حکم حضرت امام اعظم بخوان اظهار باش

۱۴۳. بر فدک تکرار کاذب شیعه رافض می کنند — امر لا نورث نبی کرده ازان هشیار باش

۱۴۴. هبه آن شی شود کز دست خود در رفته بود — تا به آخر دم نبی را بود فی اختیار باش

۱۴۵. آن فدک چون دست عترت مرتضی مولا رسید — پس چرا حسنین را هرگز نداده غدار باش

۱۴۶. در حواله خود نموده چون ثلاثه عمل کرد — گر که آن هم غصب کرده نیز زان بیزار باش

۱۴۷. اتفاق خوب باشد از یکی آید محال — شهد از مجمع مگس گردد باین جنهار باش

۱۴۸. گر حقارت ادنی هم عیب از تو اد کشد — عیب در مجلس نه آید زان لبجری هزار باش

۱۴۹. از جدال در جنگ نبود جاهلت یکنار ره — مرد شو با صلح دائم فی تجوزن ابکار باش

۱۵۰. لطف کن چندان که بیگانه شود نیز چو غلام — نزد اعلی تا به ادنی با عزت لوقار باش

۱۵۱. خیر الناس آن شه بود نفع هر انس را — گر بکائی در خلق هم بینند آن یار باش

۱۵۲. خلق داری چون محمد با همه کن دلبری — تا شود تعریف تو چون طوطی المقار باش

۱۳۹۔ رافضی کہتے ہیں کہ امام صرف بارہ ہیں اور ان کے بعد کسی اور کو امامت کا درجہ نہیں ملا۔

۱۴۰۔ ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے کیونکہ مسلمانوں میں ایک کے بعد دوسرا امام پیدا ہوتا رہا ہے اور شاہِ جیلاں بھی مسلمانوں کے امام ہیں۔

۱۴۱۔ اگر بارہ اماموں کے بعد کوئی امام نہیں رہا تو تو جن لوگوں کے پیچھے نمازِ عید اور نمازِ جنازہ پڑھتا ہے وہ کون ہیں؟ کیا وہ امام نہیں ہیں؟ اور کیا یہ تیری دوغلی پالیسی نہیں ہے؟

۱۴۲۔ حضور محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دین ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔ تو حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کا اتباع کر۔

۱۴۳۔ باغِ فدک کے معاملہ پر اہلِ تشیعت کا تنازعہ بالکل غلط ہے۔ کیونکہ حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے "لَا نَرِثُ وَلَا نُوْرَثُ" فرمایا ہے۔ یعنی ہم انبیاء نہ کسی کے ورثہ کے مالک بنتے ہیں اور نہ کوئی ہمارے ورثہ کا مالک بنتا ہے۔

۱۴۴۔ "ہبتہ" تو وہ چیز ہوتی ہے جو دست بدست منتقل ہوتی رہے۔

۱۴۵۔ فدک جب حضرت علی مرتضیٰ کے پاس تھا تو انہوں نے اپنے فرزندان حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نام کیوں منتقل نہیں فرمایا۔

۱۴۶۔ حضرت علی مرتضیٰ کے پاس بھی فدک بالکل ویسے ہی رہا جیسے ان سے پہلے تینوں خلفائے راشدین کے پاس تھا۔ اگر تینوں خلفائے راشدین نے فدک کو غاصبانہ طور پر اپنے قبضہ میں رکھا تھا تو کیا حضرت علی مرتضیٰ نے بھی نعوذ باللہ من ذالک اس پر غاصبانہ قبضہ کیا تھا؟

۱۴۷۔ اتفاق بہتر ہے لیکن صرف ایک شخص سے اتفاق نہیں ہو سکتا۔ شہد کی مکھیاں جب آپس میں مل کر اکٹھی ہوتی ہیں تب ہی شہد پیدا ہوتا ہے۔

۱۴۸۔ اگر تو کسی کی تحقیر کریگا تو وہ بھی تیری عیب جوئی کریگا اور پھر اس سے تیری رسوائی ہوگی۔

۱۴۹۔ تجھے لڑنے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ لہذا عورتوں کی طرح جھگڑا نہ کر بلکہ مردوں کی طرح صلح جوئی سے کام لے۔

۱۵۰۔ لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کر تاکہ بیگانے بھی اپنے بن جائیں اور ادنیٰ خواہ اعلیٰ کے نزدیک تجھے عزت اور وقار حاصل ہو۔

۱۵۱۔ حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر بات میں خلقِ خدا کی بہتری کو ملحوظ رکھا کرتے تھے۔ تجھے بھی دنیا میں رہتے ہوئے ان کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیئے۔

۱۵۲۔ اگر تجھ میں خلقِ محمدی ہے تو سب کے ساتھ محبت سے پیش آ، تاکہ سب لوگ تیری تعریف میں رطب اللسان ہوں۔

۱۵۳۔ شجر از محبت ترقی با نسب از آب داد ابده
خشک چوب استاده باشد سبز میوه دار باش

۱۵۴۔ گر سجاده نشین بیاشی کن لنگر جاری مدام
صبح شام هر انس راده نان خوش آید ار باش

۱۵۵۔ در خودی هرگز نکرد این نیت را قائم بدار
کار آن کن کرد شه منصور در نگو نسار باش

۱۵۶۔ از خودی گاهی نیابی مدعا دید ار حق
چون خدا در همه دانی تا بدرجه گوار باش

۱۵۷۔ همچو صوفی در همه داننده شو یک ذات را
کینه تعصب کار کافری همه الفار باش

۱۵۸۔ صاف دل کینه نداری بیمار شوت را گذار
هر همه صورت ز خود دانی ز غیر اغیار باش

۱۵۹۔ مرد شو یک جانشین حشمت بداری چو شهان
با عجز چون گریه مسکین در بدری خوار باش

۱۶۰۔ غیر کس را اندرون محلات خود رفتن مده
گرچه خانه زاد و اقرب هر سمان نگهدار باش

۱۶۱۔ دختر و همشیر بالغ بیوه را هرگز مدار
در برادر خویش جو نیده عزت آثار باش

۱۶۲۔ در نه باشد کل مومن را برادر خود بدان
حسب نسب او نیک سیرت خصم یان خوار گار باش

۱۶۳۔ این ندانی همسر کس نیست در ملک خدا
تکیه این از فخر باشد فی زان نفع دار باش

۱۶۴۔ پس گنه بر نقص عزت میشو دزان ای عزیز
زود بر خیز آن کنی در این نه دیر مدار باش

۱۶۵۔ سو لبس حیران مشو بهر دنیا ای نافهم
سخت فقر ار منبع از خاکمان بی کنار باش

۱۶۶۔ شیخ بزرگ این زمان محتاج بر در حاکم اند
محض کرسی در رسد زان بر سر خاکباز باش

۱۵۳۔ محبت کا پودا لگا کر نیاز اور انکسار سے اس کی آبیاری کر۔ سوکھے درخت میں پھل نہیں لگتا لہٰذا تو سرسبز، شاداب اور میوہ دار درخت بن جا۔

۱۵۴۔ تو اگر گدی نشین ہے تو لنگر جاری کر اور صبح و شام ہر شخص کو کھانا کھلا۔

۱۵۵۔ خودی نہ کر، بلکہ وہ کام کر جو منصور نے کیا۔

۱۵۶۔ اپنے دل میں دوئی رکھے گا تو اللہ کا دیدار حاصل نہیں کر سکے گا۔ ہر چیز کو اللہ کا مظہر سمجھ۔

۱۵۷۔ صوفیائے کرام کی طرح ہر چیز کو اللہ کا مظہر سمجھ۔ کینہ اور تعصب کافروں کا کام ہے۔ تو سنکھیا نہ بن بلکہ تریاق بن۔

۱۵۸۔ اپنے دل کو کینہ سے پاک رکھ اور ریاکاری ترک کر۔ ہر بات کو اپنے اعمال کا نتیجہ سمجھ۔ کسی دوسرے کو اس کا ذمہ دار نہ ٹھہرا۔

۱۵۹۔ مرد بن اور استقلال کے ساتھ ایک جگہ بیٹھ جا تاکہ تجھ میں شاہانہ حشمت اور وقار پیدا ہو بلی کی طرح ایک گھر سے دوسرے گھر میں مارا مارا نہ پھرا کر۔

۱۶۰۔ غیر کو اپنے گھر کے اندر گھسنے نہ دے۔ اگرچہ تیرا قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔ تجھے اپنے گھر کی ہمیشہ حفاظت کرنی چاہیے۔

۱۶۱۔ بیٹی یا بہن بلوغت کو پہنچ جائے تو اپنی برادری میں اُن کا نکاح کرا دے تاکہ تیری عزت محفوظ ہو جائے۔

۱۶۲۔ اگر اپنی برادری میں کوئی اچھا لڑکا نہ ہو تو برادری سے باہر کوئی لڑکا تلاش کر جس کا اخلاق بھی اچھا ہو اور خاندان بھی اچھا ہو کیونکہ تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

۱۶۳۔ یہ خیال نہ کر کہ دنیا میں کوئی میرا ہمسر نہیں ہے۔ یہ غرور اور تکبر ہے اس سے احتراز کر۔

۱۶۴۔ تو اگر ایسا نہ کرے گا تو گناہ بھی ہوگا اور بے عزتی بھی ہوگی۔ لہٰذا اس معاملے میں جس قدر ہو سکے جلدی کر۔

۱۶۵۔ اے ناسمجھ! دُنیا کی خاطر اِدھر اُدھر مارا مارا نہ پھر۔ اہلِ فقر کے لئے حکام کے دروازے پر جانے کی سخت ممانعت ہے۔

۱۶۶۔ اس زمانے کے بڑے بڑے پیر حکام کے دروازے پر محتاج بن کر جاتے ہیں۔ انھیں بیٹھنے کے لئے کرسی تو مل جاتی ہے لیکن عزت نہیں ملتی۔

۱۶۷۔ هم شغل در کار بد تارک صلوٰة از حسد تمام
چون بخاد مهار وند گویند مسجد تیار باش

۱۶۸۔ وقت آن خود هم بخوانند بهر شهرت و طمع زر
چون بخانه در روند گویند ازین بیزار باش

۱۶۹۔ ناکه هستیم رند مذهب من چه دانم از نماز
طالبا شو رند دم از یا آلو خدمتگار باش

۱۷۰۔ ذکر حق هرگز نسازند ذکر در گوسپند مجلس
بس طلائی بهر زر زین نصیب مقعادار باش

۱۷۱۔ عمر ضائع می کنند خود را نه شیطانی مید مید
ای کلم عقل آخر فنا بر داعذ وفادار باش

۱۷۲۔ سخن را صادق نمودن این کار مردانه بود
درنه هیچ زن شدی بر بیوفا دشوار باش

۱۷۳۔ این سبب بدانی زبی علمی بود زان بد عمل
حق شناسی جز علم کی یا شود حالی هشیار باش

۱۷۴۔ صحبت بد را نه هرگز کن قبول ای نامراد
عاقبت او بد بود صحبت نکو اختیار باش

۱۷۵۔ فاعل و مفعول بودن نزد حق منظور نیست
کاشکی در خر مکان این ذوق زو بیزار باش

۱۷۶۔ خاندان و خانگان بر عام کس فی نسب است
کار بد کردن همیشه همه با استغفار باش

۱۷۷۔ الغرض نا تخریج نافرمان سلک بد حق است
طالبا بیزار ازین با خیال دم هموار باش

۱۷۸۔ گر خدا طلبی بیا بد دل ازین مخلوق شو
یا به صحرا گوشه گیری یا به کوهسار باش

۱۷۹۔ مرگ دائم یاد داری دحبه موتوا قبل گیر
من عرف این نفس پس شناخت حق هشیار باش

۱۸۰۔ باخبر گر می شوی بگذر ز قید ما و من
بی خبر شو زین جهان چون جعفر طیار باش

۱۶۷۔ انہوں نے بدکاری کو اپنا شغل بنالیا ہے اور نماز کو بالکل ترک کیا ہوا ہے۔ جب اپنے خلیفوں، خادموں اور مریدوں کے ساتھ گھر سے باہر نکلتے ہیں تو ریاکاری کرکے مسجدوں میں جاتے ہیں۔

۱۶۸۔ اس وقت تو شہرت اور دنیوی لالچ کی خاطر نماز پڑھ لیتے ہیں لیکن جب گھر میں گھستے ہیں تو نماز سے بیزار ہو جاتے ہیں۔

۱۶۹۔ میں تو ایک رند ہوں، مجھے نماز سے کیا سروکار۔ اے طالب! تو بھی رند بن جا اور ایک گھڑی ہماری خدمت میں بھی گزار لے۔

۱۷۰۔ یہ پیر اللہ کا ذکر نہیں کرتے، بلکہ عیاشی کرتے رہتے ہیں۔

۱۷۱۔ یہ لوگ اپنی زندگی برباد کرتے ہیں اور اپنے آپ کو شیطان کے سپرد کرتے ہیں، اے ناسمجھ! یہ دُنیا فانی ہے۔ تو نے روزِ ازل اللہ تعالیٰ سے اپنی عبدیت اور عبودیت کا جو وعدہ کیا تھا اُسے پورا کر۔

۱۷۲۔ اپنے قول و اقرار کو پورا کرنا مردوں کا کام ہے اور بیوفائی اور وعدہ خلافی کرنا عورتوں کی عادت ہے۔

۱۷۳۔ اس قسم کی برائیاں لوگوں سے بے علمی کی وجہ سے سرزد ہوتی ہیں۔ کیونکہ علم کے بغیر راہِ راست پر چلنا محال ہے۔

۱۷۴۔ بُری صحبت سے پرہیز کر کیونکہ اس کا نتیجہ آخر بُرا نکلتا ہے۔

۱۷۵۔ بداخلاقی جو ہر جگہ عام ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔ لہٰذا اس سے احتراز کر۔

۱۷۶۔ بڑے لوگوں اور افسروں کی پیروی عام لوگوں کے لئے ضروری نہیں ہے۔ تجھ سے اگر کبھی کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو استغفار کر۔

۱۷۷۔ زنا تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ یہ اللہ اور اللہ کے رسول کا فرمان ہے "الزِنا یخرج البناء"۔

۱۷۸۔ تو اگر اللہ کا طلبگار ہے تو تجھے ایسے لوگوں سے الگ تھلگ رہنا اور کسی بیابان کے گوشہ میں یا کسی پہاڑ کے غار میں جاکر سکونت اختیار کرنا چاہیے۔

۱۷۹۔ ہمیشہ موت کو یاد کیا کر اور "موتوا قبل ان تموتوا" پر عمل پیرا ہو اور "من عرف نفسہ، فقد عرف ربّہ" (جس نے اپنے آپ کو پہچانا اُس نے اپنے رب کو پہچانا) کے راز کو سمجھ۔

۱۸۰۔ تو اگر حقیقتِ حال سے آگاہ ہونا چاہتا ہے تو خودی کو ترک کر دے اور حضرت طیار کی طرح بے خود ہو جا۔

١٨١. طالبا چون ماکیان در خانه مانندی چه سود — کن تو پرواز از مکان تا لامکان پروار باش

١٨٢. اصحبوا مع الله یا صحبت ولی الله کن — گر بخواهی فیض عشقش پس دل افگار باش

١٨٣. گر بگیری فیض گر دامن به عبد الحق دراز — در کشاید دل دمادم سوی آن تیار باش

١٨٤. تا تو بنوشی پیاله عشق را ای طالبا — دایما از نشه او در هر مکان بخمار باش

١٨٥. از همه سوداء افضل سوده محبت خدا — غیر از هر گز نخر با صدق زاین خریدار باش

١٨٦. مجلس مرشد ترا در درجه اعلی آورد — پیش خدمت فی الله و اهالی آن انصار باش

١٨٧. فی الحقیقت هر نبی هر اولیاء انند دان — تا بگو تو در حدیث آمد از آن زنهار باش

١٨٨. هست فرمان پیغمبر هر که بیند شبیر ما — دیده گویا نبی ما را از آن تو هم گذار باش

١٨٩. حسن صدیق هر دو هابی پر خلاف از زین امر — الغیاث ای شه شیخ جیلان مدد گار باش

١٩٠. کم خورد کم گوئی شب بیدار بودن بهتر است — چیست حظ غفلت مکن در عهد وفا دار باش

١٩١. پاس از ل خفته باشی بعد از آن بیدار شو — با خدا پیوسته خوانیده در معتار باش

١٩٢. کرده استرار انجار آمدی بهر ذکر — الله تیا ساعت بیدان شاغل ته دگر کار باش

١٩٣. در دل با شوق ذوق و سوز غم داری مدام — چشم خود در چشم حق بی التفات اغیار باش

١٩٤. دمبدم ساعت ذکر حق تعالی بلا ناغه شوی — ذکر کن این طرز تا از جسم بی اختیار باش

۱۸۱۔ اے طالب! مرغی کی طرح گھر کے اندر بیٹھنے سے کیا فائدہ؟ تو مکاں سے پرواز کر کے لامکاں تک پہنچ جا۔

۱۸۲۔ یا تو اللہ کی صحبت اختیار کر یا کسی اللہ والے کی۔ اللہ کے عشق سے بہرہ ور ہونا چاہتا ہے تو اپنے دل کو اس کے داغِ عشق سے مجروح کر دے۔

۱۸۳۔ اگر فیض حاصل کرنا چاہتا ہے تو حضرت پیر عبدالحق کی خدمت میں "درآزا" جا کر حاضر ہو جا تاکہ تیرے دل و دماغ کو روشن کر دے۔

۱۸۴۔ اور تجھے بادۂ عشق کا جام پلا دے اور پھر تو جہاں بھی جائے ہمیشہ اسی کیف سے مخمور رہے۔

۱۸۵۔ کسی بھی چیز کی خریداری سے اللہ کی محبت کا سودا کرنا بہتر ہے۔ لہٰذا تو غیر اللہ سے سودے بازی کا خیال ترک کر کے اللہ کی محبت کا خریدار ہو جا۔

۱۸۶۔ مرشد کی صحبت تجھے مقاماتِ عالیہ پر پہنچا دے گی۔ لہٰذا تو صبح و شام مرشد کے حضور میں حاضر رہا کر۔

۱۸۷۔ تمام انبیاء اور اولیاء زندہ ہیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ وہ مرتے نہیں ہیں۔

۱۸۸۔ حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ جس نے میری تربت کی زیارت کی اس نے گویا میری زیارت کی۔

۱۸۹۔ وہابیوں کے اوپر سو بار حیف ہو کہ وہ اس بات کو نہیں مانتے۔ اے شہنشاہِ عرب! اور اے شاہِ جیلاں میں آپ سے دادرسی کی التجا کرتا ہوں۔ آپ میری دادرسی فرما دیجئے۔

۱۹۰۔ تھوڑا کھانا اور تھوڑا سونا اور رات کو جاگنا بہتر ہے۔ ان باتوں میں غفلت نہ کر اور اپنے رب سے کیا ہوا وعدہ پورا کر۔

۱۹۱۔ رات کے پہلے پہر میں سو جا اور اس کے بعد نیند سے بیدار ہو کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جا۔

۱۹۲۔ تو اللہ کے ساتھ روزِ ازل بندگی کا اقرار کر کے اس دنیا میں اس کے ذکر کے واسطے آیا ہے یہ دنیوی زندگی بہت ہی مختصر ہے۔ لہٰذا دیگر مشاغل کو ترک کر کے اللہ کو یاد کیا کر۔

۱۹۳۔ اپنے دل میں ہمیشہ اللہ کا درد، شوق ذوق، سوز اور غم رکھ اور اپنی توجہ ماسوائے اللہ سے ہٹا کر اللہ کی ذات پر مرکوز کر دے۔

۱۹۴۔ ہر وقت اللہ کے ذکر میں مشغول رہ اور اس میں ناغہ نہ کر اور یادِ خدا میں اس قدر محو اور مستغرق ہو جا کہ تجھے اپنے وجود کی کوئی خبر نہ رہے۔

۱۹۵. در شمار تند این نفس بی ذکر حق ضائع مکن — ورنه مرده دان همان دم اشتغال آن اذکار باش

۱۹۶. دم شناسی خویش را من عرف نفس این امر شریف — خبر شناسی کو دکاذب جسم من صرف اغیار باش

۱۹۷. بر شرع قائم بیاشی شغل در پاس انفاس — از ورد ضالف دم ذکر پیوسته با افکار باش

۱۹۸. کی برابر با تصور ختم قرآن صد هزار — یک دم از ملک سلیمان به نه در تکرار باش

۱۹۹. واذکر ربک فی نفسک جز جهر آیت بخوان — با نیاز و خوف صبح و شام گریه زار باش

۲۰۰. واذکر ربک از لیت را محکم بدار — یاد کن حق را علی الکل حال دل افگار باش

۲۰۱. زیر بالا کن الله هو دایما در پشت پاس — پنبهٔ غفلت را بکش از گوش دل بیدار باش

۲۰۲. چون بدم شاغل شوی خوشبو بیاید ایحنین — مشک تبت چین قتادانند تاتار باش

۲۰۳. مشق بر سینه محمد در قلب اسم الله — ساز دائم در حضور آن سید الابرار باش

۲۰۴. خیالهای غیر را هرگز نیاری در دل — ماسوی را کن نفی اثبات خود سرکار باش

۲۰۵. محو ذاتی باش یابی زین سبب رتبه کمال — گرچه کسوت چون شهان دارند ستار باش

۲۰۶. کن طواف این کعبه دل را دایما هفت دسه بار — مشق اسم الله محمد در بدن نظار باش

۲۰۷. چشم گوش ولب بسته غرق شو در بحر حق — همچو غواصان بیاری در اسم حقدار باش

۲۰۸. سیر کن در باغ جسم این بین خدا در خانه دل — نی بمثل بوستان کو بکو بازار باش

۱۹۵۔ ہر سانس کا شمار ہوتا ہے۔ لہٰذا یادِ خدا سے غافل ہو کر اپنے سانسوں کو ضائع نہ کر۔ کیونکہ جو سانس ضائع ہو جاتا ہے وہ زندگی میں شمار نہیں کیا جاتا۔

۱۹۶۔ تو اپنے سانسوں کی قدر و قیمت کو پہچان کیونکہ "مَنْ عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ" کا راز یہی ہے اور یہی ہمارے شہنشاہ کا فرمان ہے۔ پہچان کے بغیر انسان اندھا ہے۔ تو صرافوں کی طرح اپنے اندر پرکھنے کی صلاحیت پیدا کر۔

۱۹۷۔ اپنے سانسوں کا خیال بھی رکھ اور شریعت کی پابندی بھی کر اور ذکر و فکر میں بھی مشغول رہ۔

۱۹۸۔ قرآن مجید کے لاکھ ختم بھی تصورِ ذات کی برابری نہیں کرتے۔ اور ایک سانس حضرت سلیمان کی مملکت سے بہتر ہے۔

۱۹۹۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے دل میں پوشیدہ طور پر آہستگی کے ساتھ اور عجز و نیاز سے یاد کر۔ اس سے ڈر اور صبح و شام رویا کر۔ یہ قرآن مجید کا حکم ہے "وَاذْکُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ تَضَرُّعًا وَّخِیْفَۃً" الآیۃ)

۲۰۰۔ "وَاذْکُرْ رَّبَّکَ" کے ارشاد کی سختی کے ساتھ تعمیل اور پابندی کر اور ہر وقت اور ہر حال میں اللہ کو یاد کر۔

۲۰۱۔ آٹھوں پہر اللہ ہو، اللہ ہو کرتا رہ اور غفلت کی روئی دل کے کان سے نکال دے۔

۲۰۲۔ تو جب اپنے ہر سانس کے ساتھ اللہ کو یاد کریگا تو تجھے ایسی خوشبو آئے گی جو مشک میں بھی نہیں ہے

۲۰۳۔ اپنے سینہ پر اسمِ محمد کو منقش کر اور قلب میں اسم اللہ کی مشق کر اور ہمیشہ حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں حاضری کا تصور کرتا رہ۔

۲۰۴۔ اپنے دل میں غیر کا خیال ہرگز ہرگز نہ آنے دے۔ ماسوائے اللہ کی نفی اور اللہ کا اثبات کر۔

۲۰۵۔ تو اللہ کے ذکر و فکر میں مشغول ہوگا تو بہت بڑا اور شاہانہ رتبہ حاصل کرے گا۔

۲۰۶۔ ہمیشہ کعبۂ دل کا سات بار طواف کیا کر۔ دل میں اسم اللہ کی مشق اور سینے کے اوپر اسم محمد کو منقش کر۔

۲۰۷۔ آنکھ، کان اور ہونٹ بند کر کے بحرِ حق میں غرق ہو جا اور غوطہ خوروں کی طرح اسم اللہ کا موتی حاصل کر۔

۲۰۸۔ تیرا جسم ایک باغ ہے۔ اس کی سیر کر اور اپنے خانۂ دل میں خدا کو دیکھ لے۔ لیکن بوالہوسوں کی طرح گلیوں اور بازاروں میں نہ جا۔

۲۰۹ این چنین در حق شوی گم تا نماند جسم تو — در نظر آید نهان مانند در دیوار باش

۲۱۰ خواهش حور و قصور و انس غلمان دور کن — محو ذات الله همچون عاشق آن عطار باش

۲۱۱ صورت الله را دایم به تخت دل نگار — با محبت عشق او مشغول همچین کار باش

۲۱۲ نقش رو با نقش دل یکسان بکن با محبت — جا بجا اینسان نقش لکو ابصار باش

۲۱۳ سر به زانو کن مراقب با همت هر روز و شب — دیده را در دیده حق چسپان حق رفتار باش

۲۱۴ هر که اینجا دید آن در هر مکان بینا بود — ورنه اعمی می شوی از دیده دل انوار باش

۲۱۵ در به بین بیرون به بین آخر بیابی در قلب — ورنه همچون گم شوی پس تو حذر زنهار باش

۲۱۶ تا نه خود را گم کنی کی می شناسی یار را — گر تو هستی او کجای حق الحمد دار باش

۲۱۷ مرشد آن باشد که عالم فاضل و تارک دنیا — فیض صحبتش بس بود دایم باو انظار باش

۲۱۸ بهر جا پیدا او باشد به هر در راه خدا — پی به پی جا ابد و پی پنهان دیدار باش

۲۱۹ اکل آن چون بینا اند تو چه به کسی — دل منور شود دایم زر و ایثار باش

۲۲۰ هر همه احتیاج از به در حق و آل شود — فقر لا یحتاج هر جا یک الهی هوار باش

۲۲۱ اینکه می گوید کسی تو چه با کرد فلان — صحبت آن چنین دلم را پس آن آثار باش

۲۲۲ این محو باری خود داری خلق گوید چنین — می زند ضرب انا تو جداری باین اعتبار باش

۲۰۹۔ ذاتِ حق میں اپنے آپ کو اس قدر محو اور مدغم کردے کہ تیرا وجود ہی باقی نہ رہے اور ہر جگہ وہی ذاتِ حق نظر آئے۔

۲۱۰۔ حور وقصور اور غلمان کی خواہش ترک کر اور شیخ فریدالدین عطار جیسے عاشقِ صادق کی طرح صرف اللہ کی ذات میں گم ہو جا۔

۲۱۱۔ ہمیشہ اللہ کا تصور کیا کر اور لوحِ دل پر اس کا نقش مرتسم کرکے اس کے عشق ومحبت میں مشغول ہو جا۔

۲۱۲۔ اللہ کے تصور میں اس قدر محو ہو جا کہ تیرا ظاہر و باطن ایک ہو جائے اور تجھے ہر جگہ وہی نقش نظر آنے لگے۔

۲۱۳۔ گھٹنوں میں سر دیے کر مراقبہ کر اور دن رات ذاتِ حق پر نظر رکھ۔

۲۱۴۔ جس نے ذاتِ حق کا مشاہدہ اس دُنیا میں کر لیا وہ آخرت میں بھی اُسے دیکھ سکے گا اور جس نے یہاں نہیں دیکھا تو وہاں بھی نہیں دیکھ سکے گا۔ لہٰذا تو اپنے دل کی آنکھیں کھول۔

۲۱۵۔ باہر نہ دیکھ، اندر دیکھ۔ آخر کار تجھے اپنے قلب کے اندر ہی نظر آ جائے گا۔ "بحرِ بیچوں" میں غرق ہو جا تو تو خود بھی بحرِ بیچوں ہو جائے گا۔

۲۱۶۔ جب تک تو اپنے آپ کو فنا نہیں کرے گا، یار کو نہیں پا سکے گا۔ تیری ہستی اور اس کی ہستی یکجا نہیں ہو سکتی۔

۲۱۷۔ مرشد ایسا ہونا چاہیئے جو عالم وفاضل بھی ہو اور تارکُ الدنیا درویش بھی۔ ایسے مرشد کی تلاش کر۔ اس کے عشق کا فیض تیرے لیئے کافی ہوگا۔

۲۱۸۔ ایسا ہی مرشد راہِ حق میں ہر وقت معاون ومددگار ہوتا ہے حتیٰ کہ قیامت میں بھی دستگیری کرتا ہے۔

۲۱۹۔ ایسا کامل واکمل جب کسی پر توجہ کرتا ہے تو اس کا دل ہمیشہ ہمیشہ کیلئے روشن ہو جاتا ہے۔

۲۲۰۔ ایسے کامل واکمل مرشد کا مرید کسی چیز کا محتاج نہیں رہتا کیونکہ وہ واصل باللہ ہو جاتا ہے۔ یہ فقر کی خصوصیت ہے کہ وہ ہر احتیاج سے بے نیاز بنا کر ذاتِ حق سے واصل کر دیتا ہے۔

۲۲۱۔ یہ جو بعض لوگ کہتے ہیں کہ فلاں شخص یعنی مرشد نے ہم پر توجہ کی تو تھوڑی سی دیر کے لئے دل میں جنبش پیدا ہوئی لیکن اس کے بعد وہ کیفیت باقی نہیں رہی۔

۲۲۲۔ یہ دراصل مکاری اور ریاکاری ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ فلاں شخص یعنی مرید توجہ کے بعد ضربیں لگاتا ہے۔

۲۲۳ ضرورتهای پیری بهر پیری ز دل بین خام خیال طفلگی است — شد خبر کاز انبیا ید خبر او پر بار باش

۲۲۴ از توجه پیر اکمل کیمیا بیابد آن بهوش — محو ذاتی در سکوتی تا ابد به قرار باش

۲۲۵ درجه عاشق زیاده از همه درجه بدان — محو ذات الله شو در عاشقان شمار باش

۲۲۶ مشک آن آب دریا پر کرد رخ او بند کن — بار در دریا فکن بکشا همان انجار باش

۲۲۷ مشک این جسمت بود آب است حق ای طالبا — پاره کن این مشک فاکی تا لو ما و الیار باش

۲۲۸ با تصور حق محمد دم زدم خالی مکن — مستغرق شو جان بی جسم خود اختیار باش

۲۲۹ من له المولی چو گشتی فله الکل لقب تو — اذا تم الفقر فهو الله تو جمع دار باش

۲۳۰ وقت آخر با شفیع المذنبین در پیش حق — سرخرو از عمل خود چو گل گلاب انار باش

۲۳۱ کار امرار به صبح میداشتن لاتعقلی است — بین خدا امروز بر فردا نه تکیه دار باش

۲۳۲ جز خدا گفتن مدیدن هم شنیدن بس کنه — دم بدم با شوق تصور را بدل میدار باش

۲۳۳ قلب اسود می شود از قال دیگر جز خدا — بر رضا با صبر خود نیا ای حسن مرد طلد باش

۲۳۴ یک رتی محبت بکوار الفت من دو جهان — در محبت محو شوی کبر من آثار باش

۲۳۵ هر که ساز دو هم تفکر شوم در این انجمان — حق مخالف زان شود توکل بلو ملد باش

۲۳۶ کن سپرده هر همه کار بحق شاغل شده — خوی خویش چون گل شگفتی مثل انبار باش

۲۳۷ هر چه می بینی ذات خدا دان بایقین — خود بدان حق را بدان عاشق بحق دیدار باش

۲۲۳۔ مسلسل ضربیں لگانا ایک بیہودہ سی بات ہے۔ کیونکہ مرشدِ کامل کی توجہ کے بعد مرید کو اصل حقیقت معلوم ہو جاتی ہے اور وہ اس قدر بیخود ہو جاتا ہے کہ پھر اس کو کسی چیز کا ہوش ہی نہیں رہتا۔

۲۲۴۔ اور پھر وہ قوتِ پیر کامل کی توجہ سے کبھی ہوش میں نہیں آتا۔ کیونکہ وہ محو ذات ہو کر ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جاتا ہے۔

۲۲۵۔ تمام درجوں سے عاشق کا درجہ بہت بلند ہے۔ تو اللہ کی ذات میں محو ہو کر عشاق کی صف میں شامل ہو جا۔

۲۲۶۔ مشک کو پانی سے بھر کر اس کا منہ بند کر دے اور پھر اسے دریا میں ڈال کر اس کا منہ کھول دے تو پانی، پانی کے ساتھ مل کر تمام پانی ہی پانی نظر آئے گا۔

۲۲۷۔ اے طالب! یہ مشک تیرا جسم ہے اور پانی ذاتِ حق۔ تو اس مشک کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے تو صرف پانی رہ جائے گا۔

۲۲۸۔ ہر سانس حق کے تصور اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی اور اسمِ گرامی کے ساتھ لے اور ایک سانس بھی اس عمل کے بغیر خالی نہ جانے دے اور اس عمل میں اس قدر محو اور مستغرق ہو جا کہ آخر کار تجھے جسم کی حاجت باقی نہ رہے۔

۲۲۹۔ تو جب "مَنْ لَہُ الْمَوْلٰی" بنے گا تو تیرا لقب "فَلَہُ الْکُلُّ" ہو گا (جس کا مولیٰ ہے اُسی کا سب کچھ ہے) کیونکہ جہاں فقر تمام ہوتا ہے، وہاں صرف اللہ رہ جاتا ہے۔

۲۳۰۔ تو اپنے اس عمل کی وجہ سے زندگی کے آخری لمحات میں جب حضور شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ کے حضور میں پیش ہو گا تو سرخرو ہو گا۔

۲۳۱۔ جو لوگ آج کا کام کل پر اٹھا رکھتے ہیں وہ نا سمجھ ہیں۔ ذاتِ حق کا مشاہدہ آج ہی کر کل پر مت رکھ۔

۲۳۱۔ اللہ کے سوائے کسی اور کی بات کرنا یا سننا یا کسی اور کو دیکھنا بہت بڑا گناہ ہے۔ لہٰذا ہر وقت کمال اشتیاق کے ساتھ اسی کا تصور کرتا رہ۔

۲۳۱۔ قلب، اللہ کے ذکر کے سوائے کسی اور بات سے مطمئن نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا اللہ کی رضا جوئی کی خاطر دوسری تمام باتوں سے اس طرح بے خبر بن جا جس طرح مردے بے خبر ہوتے ہیں۔

۲۳۔ اللہ کی محبت کی ایک رتی دونوں جہان کی الفت کے ایک من پر بھاری ہے۔ لہٰذا تو اللہ کی محبت اختیار کر اور اسی میں محو ہو جا۔

۲۲۔ جو بدبخت اس بات کی صحت میں تردد کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی مول لے گا۔

۲۲۔ تو اپنے تمام کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے اور خود اس کے ذکر میں مشغول ہو جا تو اپنے اندر پھول کی سی خوشبو پیدا کر کاشانہ بن۔

۱۔ تجھے جو کچھ نظر آتا ہے وہ اللہ ہی اللہ ہے تو اپنے آپ کو فراموش کر کے محض ذاتِ حق کا مشاہدہ کرتا رہ۔

۲۳۸ چون خدا آمد تو رفتی زخود گشته خدا — جا بجا موجود دانی بر این اطوار باش

۲۳۹ شاه در جمعیت چه آمد احتیاجی عید رفت — بر تو باشد صد مبارک تا ابد عید یار باش

۲۴۰ کن قبول این راه ملامت شحنهٔ بازار عشق — این ملامت همه زنبیک آئینه بی زنگار باش

۲۴۱ چون به تن باشی ز امر نهی دم غافل مشو — چون زخود رفتی پس آنگه زاین امر ناچار باش

۲۴۲ هست را کم ساز دایم نیاز کن سجده بدل — از نگاه غیر خواهش نفس روزه دار باش

۲۴۳ عام شاغل این نماز اند عاشقان دائم بذاة — باخودی بیخودی دارد فرق بسیار باش

۲۴۴ رتبه این فیض عشق در لحه هزاران یکجد را — می شود حاصل اگر چون هشت روی نگار باش

۲۴۵ این ندانی عاشقان از شرع بیرون میروند — هیچ آنکس نیست ثابت قدم عشق آثار باش

۲۴۶ دع لفعک فی تعال آستین نماز عاشقان — در قیام و قعود علی جنوبهم با یار باش

۲۴۷ گر تو با حق می شوی آن بر تو ساند لطف چند — از بدن نیکو شوی هر جا بخوش انظار باش

۲۴۸ صدف چون شکسته شود زان پیدا شود دُر بی بها — بشکن این صدف جسم و نفخت دم اظهار باش

۲۴۹ این همه طلسم بدانی لا اله الا الله مقیم — ظاهر این گردن نباید اسکت الاسرار باش

۲۵۰ در حضور پیر ما منظور شد جمله کلام — از خدا هشت آفرین شد بر همین اظهار باش

۲۵۱ حمد الله درجهٔ عاشق عطا کرده رسول — گفت جز محبت دگر بر باد زان بیزار باش

۲۵۲ چند اندر کنج وحشتی مرد شو ای آشکار — خویش را بیدن بکش در عالم بیار باش

۲۳۸۔ جب ذاتِ حق جلوہ گر ہوتی ہے تو تو معدوم ہو جاتا ہے اور صرف اللہ باقی رہ جاتا ہے۔ لہٰذا تو اسے ہر جا موجود سمجھ اور یہی عقیدہ رکھ۔

۲۳۹۔ جب بادشاہ تیرے جسم کے اندر داخل ہوگیا تو تجھے عبد بنے رہنے کی ضرورت نہیں رہی۔ تجھے یہ سعادت مبارک ہو۔

۲۴۰۔ بازارِ عشق کے کوتوال کے ہاتھوں ملامت برداشت کر کیونکہ عشق میں ملامت کے دھبے آئینہ کی طرح صاف رہنے سے بہتر ہیں۔

۲۴۱۔ تو جب تک خودی میں ہے اور تیرے ظاہری ہوش و حواس سالم ہیں تب تک احکامِ الٰہی کی پابندی سے ایک گھڑی بھی غفلت نہ کر لیکن جب بیخود ہو جائے تو پھر تجھ پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

۲۴۲۔ خودی کو ترک کر اور سجدۂ نیاز دل کے ساتھ کرتا رہ۔ اپنے نفس پر اس قدر ضابط رکھ کہ وہ ایک روزہ دار کی طرح غیر کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھ سکے۔

۲۴۳۔ نماز عام لوگوں کے لئے ہے اور عشاق ذاتِ حق کے مشاہدہ میں مشغول رہتے ہیں۔ یہ خودی اور بے خودی کا کرشمہ ہے اور ان دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔

۲۴۴۔ عشق کا فیض، لاکھوں ہزاروں میں صرف ایک یا دو کو حاصل ہوتا ہے۔

۲۴۵۔ تو یہ خیال نہ کر کہ عشاق شریعت کے دائرے سے باہر ہیں۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ راہِ عشق میں وہی سب سے زیادہ ثابت قدم ہیں۔

۲۴۶۔ "اپنے وجود کو ترک کر کے پیارے حضور میں حاضر ہو جا" یہ عشاق کی نماز ہے۔ وہ اٹھتے، بیٹھتے چلتے پھرتے اور لیٹتے سوتے قیام و قعود میں رہتے ہیں۔

۲۴۷۔ تو اگر اللہ کا ہو جائے گا تو اللہ تجھ پر بے حد الطاف و عنایات کی بارش کر دے گا اور تو بہت سے نیک اور ہر جگہ سرخرو ہوگا۔

۲۴۸۔ سیپی جب ٹوٹتی ہے تو اس میں سے ایک بے بہا موتی نکلتا ہے تو اس جسم کی سیپی کو توڑ کر اس میں سے روح کا موتی نکال۔

۲۴۹۔ اس کائنات کی ہر چیز ایک طلسم ہے اور اصل چیز لا الٰہ الا اللہ ہے لیکن اس راز کو بے نقاب نہیں کرنا چاہیئے۔

۲۵۰۔ میرے مرشد کے حضور میں میرا تمام کلام مقبول ہو چکا ہے اور بارگاہِ ایزدی سے بھی اسے قبولِ عام کا شرف حاصل ہو گیا ہے۔

۲۵۱۔ اللہ کا شکر ہے کہ مجھے بارگاہِ رسولِ مقبول سے عاشقی کا منصب عطا ہوا ہے اور مجھ سے فرمایا گیا ہے کہ محبت کے سوائے ہر چیز ہیچ ہے۔

۲۵۲۔ اے اسیرِ بیمار! تو کب تک خلوت میں بیٹھے گا۔ مرد بن، خلوت سے باہر نکل اور دنیا کی سیر کر۔

تصنیفات قاضی علی اکبر درازیؒ

سندھی کتاب:- ۱۔ دولھا درازی ۲۔ داتا درازی ۳۔ درد جو داستان ۴۔ عشقِ حبیب

۵۔ قرت العین رسول ۶۔ بیعت الرضوان ۷۔ سخی سرتاج ۸۔ شہنشاہِ عشق ۹۔ سرتاج الشعراء ۱۰۔ فاتح سندھ

۱۱۔ دیوان غلام اکبر ۱۲۔ دیوان کوجھی ۱۳۔ سوانح حیات کوجھی فقیر ۱۴۔ مثنوی عشق نامہ۔

۱۵۔ مثنوی درد نامہ ۱۶۔ مثنوی گداز نامہ ۱۷۔ مثنوی رہبر نامہ ۱۸۔ مثنوی راز نامہ ۱۹۔ مثنوی

نار نامہ ۲۰۔ دیوان خدائی ۲۱۔ سفرنامہ عراق و ایران ۲۲۔ انتخاب سندھی کلام ۲۳۔ قصو تقدیر و تدبیر

۲۴۔ عشق عجب اسرار ۲۵۔ شاعرِ اعظم ۲۶۔ شاعرِ ہفت زبان فخرِ پاکستان ۲۷۔ مکمل سوانح حیات

سچل سرمست ۲۸۔ سدا حیات شاعر ۲۹۔ اللہ جی دنیا۔ ۳۰۔ فیض فاروقیؓ۔

اُردو کتاب:- ۳۱۔ شاعرِ ہفت زبان ۳۲۔ مختصر سوانح حیات ۳۳۔ عظیم شاعر و مفکر

۳۴۔ مثنوی وحدت نامہ ۳۵۔ مثنوی وصلت نامہ ۳۶۔ غزل بحر طویل ۳۷۔ نکتہ تصوف

۳۸۔ سرتاج الشعراء ۳۹۔ انتخابات اردو کلام سرائیکی:- ۴۰۔ انتخاب سرائیکی کلام

انگریزی کتاب:- ۴۱۔ گریٹیسٹ پوئٹ ۴۲۔ انٹرنیشنل پوئٹ

زیرِ طبع:- ۴۳۔ دولھا درازی جے دربار جا در ۴۴۔ سندھی ترجمہ دیوانِ آشکار

۴۵۔ اُردو ترجمہ دیوانِ آشکار۔